بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کیا نماز کے لیے وضو قرآن و حدیث سے ثابت ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا نماز کے لیے وضو قرآن و حدیث سے ثابت ہے؟

## جواب

نماز کے لیے وضو کرنے کا حکم قرآن کریم میں واضح طور پر موجود ہے نیز کثیر احادیث طیبہ میں بھی اس کا حکم، ترغیب، ترہیب، فضائل موجود ہیں، ذیل میں اسی تعلق سے چند دلائل ملاحظہ فرمائیں:

نماز کے لیے وضو کرنے کا حکم قرآن کریم میں موجود ہے چنانچہ پارہ 6 سُورۃُ المائدہ کی آیت نمبر 6 میں ہے: ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَ اَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَیْنِ﴾ ترجمۂ کنز الایمان: "اے ایمان والو! جب نماز کو کھڑے ہونا چاہو تو اپنا منہ دھوؤ اور کہنیوں تک ہاتھ اور سروں کا مسح کرو اور گٹوں تک پاؤں دھوؤ۔" (پ6، المائدۃ: 6)

صحیح بخاری شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: «لا تقبل صلاة من أحدث حتى يتوضأ» یعنی جس کا وضو ٹوٹ گیا ہو اس کی نماز قبول نہیں ہوگی یہاں تک کہ وضو کرلے۔ (صحیح البخاري (1/ 39)

صحیح مسلم شریف میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: «لا تقبل صلاة بغير طهور ولا صدقة من غلول» یعنی بغیر طہارت کے نماز قبول نہیں ہوگی اور خیانت کے مال سے صدقہ قبول نہیں ہوگا۔ (صحیح مسلم (204/1)

نماز کے لیے وضو کا انکار کفر ہے چنانچہ موسوعہ فقہیہ کویتیہ میں ہے: نص الفقهاء على أن من أنكر وجوب الوضوء للصلاة يكفر، لإنكاره النص القطعي، وهو آية: {يا ايها الذين آمنوا اذا قمتم الى الصلاة فاغسلوا وجوهكم و ايديكم إلى المرافق} و لإنكاره الإجماع. یعنی فقہائے کرام نے واضح بیان فرمایا ہے کہ جو شخص نماز کے لیے وضو کے وجوب کا منکر ہو اس کی تکفیر کی جائے گی کیونکہ وہ نص قطعی کا انکار کر رہا ہے۔ وہ نص قطعی یہ آیت مبارکہ ہے: ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَ اَیْدِیَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ﴾ نیز یہ اجماع کا بھی انکار ہے۔ (الموسوعة الفقهية الكويتية (319/43)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا عابد عطاری مدنی

فتوی نمبر : FatwaQA-023

تاریخ اجراء : 19 ربیع الاول 1448ھ / 01 اگست 2026ء

**Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)**

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net